آئی وی ایف ٹریٹمنٹ کا شرعی حکم

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ I-V-F ٹریٹمنٹ جائز ہے ۔جب کسی عورت کے اولاد نہ ہورہی ہوتو یہی ایک طریقہ ہے جس کے ذریعے اس کا علاج کیا جاتا ہے۔اسے ٹیسٹ ٹیوب بے بی بھی کہا جاتا ہے۔اور کیا ایسے کیس میں مرد ڈاکٹر اپنا رول ادا کرسکتا ہے۔

سائل:ایک بھائی فرام انگلینڈ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

میری معلومات کے مطابق اس طریقے میں مرد کے ماد ہ تولید اور عورت کے بیضے کو ملا کر ایک خاص ٹیوب میں رکھ کر اسے لبارٹری میں تیار کیا جاتا ہے اورپھر اسے عورت کی بچہ دانی میں سرنج نماکسی چیز سے رکھا جاتا ہے ۔یہ طریقہ علاج دو شرطوں کے ساتھ جائز ہے۔

[1]:عورت کے شوہر کا مادہ تولید ہی عورت کے رحم میں ڈالا جائے۔

[2]:مادہ تولید رحم میں رکھنے کا عمل وہ عور ت خود یا اس کا شوہر کرے۔

وہ اس طرح کہ عورت کے شوہر کو کسی طرح سکھا دیا جائے کہ وہ اس مکسڈ مادہ کو عورت کے رحم میں رکھےتاکہ کسی لیڈی ڈاکٹر کے سامنے بھی بلاضرورت ستر کھولنا نہ پایا جائےکیونکہ اولاد کا حصول فرض و واجب نہیں ہےمگر بلاضرورت مرد تومرد رہا عورت کے سامنے بھی ستر کھولنا ناجائز ہے۔ جیسا کہ ہدایہ میں ہے کہ**"وَتَنْظُرُ الْمَرْأَةُ مِنْ الْمَرْأَةِ إلَى مَا يَجُوزُ لِلرَّجُلِ أَنْ يَنْظُرَ إلَيْهِ مِنْ الرَّجُلِ"** عورت کا عورت کو دیکھنا، اس کا وہی حکم ہے جو مرد کو مرد کی طرف نظر کرنے کا ہے یعنی ناف کے نیچے سے گھٹنے تک نہیں دیکھ سکتی باقی اعضا کی طرف نظر کرسکتی ہے۔

[''الهدايۃ''،کتاب الکراهيۃ، فصل في الوطء والنظر واللمس،ج٢،ص٣٧٠]

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

REGARDING IN VITRO FERTILISATION

الحمدلله والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

Question:

What do the scholars of the Din and muftis of the Sacred Law state regarding the following issue: is IVF permissible? If a woman is not able to conceive children, this is the only way using which her treatment can be done. This is also known as test tube baby. In such a case, can a male doctor treat her?

Questioner: A brother from UK

Answer:

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

As per my knowledge, this treatment involves mixing of the male sperm and the female egg and fertilising in a laboratory. The fertilised egg is then transferred to the woman's uterus using an apparatus similar to a syringe. This method of treatment is permissible if two conditions are fulfilled.

1. The sperm that is transferred into the uterus of the woman should be her husband's.

2. The fertilised egg must be transferred into the uterus either by herself or her husband.

This can be done by educating the husband on how to transfer the fertilised egg into the uterus, thus avoiding the woman to unnecessarily uncover her private parts even in front of a lady doctor. Conceiving children is not fard (obligatory) or wajib (compulsory) but unnecessarily uncovering one's private parts in front of a male or female is impermissible.

It is mentioned in al-Hidayah,

وَتَنْظُرُ الْمَرْأَةُ مِنْ الْمَرْأَةِ إلَى مَا يَجُوزُ لِلرَّجُلِ أَنْ يَنْظُرَ إلَيْهِ مِنْ الرَّجُلِ

"The ruling on a woman looking at another woman is same as that of a man looking at another man. Thus, she cannot look at the area from the navel to the knees. She can look at the remaining parts."

[al-Hidayah, vol. 2, pg. 370]

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri

Translated by the SeekersPath Team